## سوال

نماز میں آستین آوپر کرنا یا پاجامے کو آلٹا کرنا۔

## جواب

نماز میں آستین کو اوپر کرنا یا پاجامے کو الٹا کرنا؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ نماز میں آستین کو اوپر کرنے یا پاجامے کو الٹا کرنے کا کا ی حکم ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نماز میں آستینوں کو دہرا کرنا یا پاجامے کو دہرا کر کے اوپر کرنے سے نبی کریم نے منع فرمایا ہے۔ ارشاد نبوی ہے۔ : "أمرت أن أسجد علی سبعۃ أعظم، وأن لا أکف شعراً، ولا ثوباً" (مسلم :490) مجھے سات اعضا پر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ میں بال اکٹھے نہ کروں اور نہ کپڑے کو دہرا کروں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث